## سوال

(108) لفظ رعد اور برق کے کیا معنی ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لفظ رعد اور برق کے کیا معنی ہیں۔ اور اصلیت کیا ہے۔ چمک اور گرج پیدا ہونے کی کیا وجوہات ہیں جواب اسلامی طریقہ سے ہو۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رعد اور برق بادلوں میں خدا کی قدرت سے پیدا ہوجاتے ہیں۔ ان کے پیدا ہونے کی وجہ بتلانا شرعی فتویٰ کا کام نہیں۔ فلاسفر بتلاتے ہیں۔ بادلوں میں حرارت سے یہ چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ رعد ایک فرشتے کا نام ہے۔ ہوسکتا ہے۔ دونوں معنی ہوں۔ واللہ اعلم۔

شرفیہ

حدیث مرفوع میں ہے۔ "الرعد ملک من ملائکۃ اللہ موکل بالسحاب معہ مخاریق من نار یسوق بہا السحاب حیث شاء اللہ" (اخرجہ ترمذي في الجامع الصغیر للسیوطی) اور قرآن مجید میں ہے:

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ ۱۳ سورة الرعد

آیت اور حدیث سے رعد اور برق کا معنی واضح ہوگیا۔ کہ رعد فرشتہ ہے۔ اور برق اس کے کوڑے کی روشنی ہے جو آگ سے نکلتی ہے۔ اور گرج اس کی یا اس کے کوڑے کی آواز ہے۔ اور بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ کوڑے کی آگ نکل کر بجلی بن کر کسی جگہ پر گرتی ہے۔ وہ بھی گرج بن سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

محدث فتویٰ